© rasailojaraid.com



**رہنماے تربیت**، ڈاکٹر ہشام الطالب، ترجمہ: محی الحق فاروقی۔ ناشر: منشورات، منصورہ، لاہور۔ فون: ۳۵۲۵۲۲۱۱-۰۴۲۔ صفحات: ۶۷۲۔ قیمت: ۵۶۰ روپے۔

رہنماے تربیت، دعوتِ دین کے کارکنوں کے لیے اپنے موضوع پر ایک غیر معمولی کتاب ہے۔ ڈاکٹر ہشام الطالب کی یہ کتاب انگریزی میں لکھی گئی اور شاہ محی الحق فاروقی نے اس کا اُردو ترجمہ کیا، جسے عالمی ادارہ فکر اسلامی (IIIT) نے ڈاکٹر ظفر اسحاق انصاری صاحب کی نگرانی میں شائع کیا۔ یہ کتاب 'خرم جاہ مراد' کے نام انتساب کی گئی ہے۔

ڈاکٹر ہشام الطالب شمالی امریکا کی تنظیم مسلم اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن (MSA) کی داغ بیل ڈالنے والے نمایاں افراد میں سے تھے۔ ان کی زندگی کا بڑا حصّہ دعوتی سرگرمیوں میں گزرا ہے۔ انھوں نے اپنے مشاہدے، تجربے اور سوچ بچار کا حاصل اس کتاب میں قلم بند کیا ہے۔

اس کتاب کا مقصد اسلامی دعوت کے ایسے کارکنوں کی تیاری ہے، جو علم اور حکمت و دانش کے زیور سے آراستہ اور ذہن رسا کی دولت سے مالا مال ہوں، دنیا کے ثقافتی اور معاشرتی مسائل کو سمجھتے ہوں، اور فہم و فراست اور مؤثر ابلاغ کے ذریعے اسلام کی خاطر خواہ خدمت کرسکیں۔ اس مقصد کے لیے اس کتاب میں تربیت کا ایک ایسا لائحہ عمل تجویز کیا گیا ہے، جس سے زیرتربیت افراد کی لگن میں اضافہ، ان کے علم میں ترقی اور ابلاغ، انتظامی اُمور اور منصوبہ بندی کے شعبوں میں ان کی صلاحیتوں میں نکھار پیدا ہوسکتا ہے۔

کتاب کے مندرجات کی خصوصیّت یہ ہے کہ وہ نظری سے زیادہ عملی پہلوؤں پر مرکوز ہیں۔ ایک فرد کی شخصی تعمیر سے لے کر دعوتِ اسلامی کی توسیع تک، اور اس سلسلے میں مؤثر انداز کے اجتماعات منعقد کرنے سے لے کر دعوت اسلامی کی منصوبہ بندی تک، اور دعوت و تبلیغ کے معروف طریقوں کے استعمال سے لے کر عصرِ حاضر کی بہترین سہولتوں پر غور وفکر جیسے بے شمار مسائل اس میں زیربحث آئے ہیں۔

سرورق پر تعارفی جملہ: 'کارکنان دعوت و تبلیغ کے لیے لائحہ عمل' کتاب کی مناسب نمایندگی کرتا ہے۔ اس کتاب میں ۳۷ ابواب ہیں جو پانچ حصوں میں تقسیم ہیں۔ حصّہ اوّل: تربیت کے مناظر، دوم: قیادت کی ذمہ داریاں، سوم: مہارت میں اضافہ اور ذاتی ترقی، چہارم: تربیت دینے

© rasailojaraid.com